© rasailojaraid.com



# حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

**نام کتاب: ماہنامہ ''المدینہ'' مدیر: قاری حامد محمود قیمت خصوصی شمارہ: 500** **(مبصر: ابن سیف سنجرانی)**

**خط کتابت: ماہنامہ المدینہ، صائمہ ٹاورز، روم نمبر A-205، سیکنڈ فلور آئی آئی چندری گر روڈ، کراچی**

ماہنامہ ''المدینہ'' قاری حامد محمود کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ زیرنظر شمارہ ''خاتونِ جنت نمبر'' یعنی سید المرسلین، خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی لاڈلی بیٹی، جنتی عورتوں کی سردار سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی زندگی کا ایمان افروز تذکرہ ہے۔

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اخلاق و عادات اور سیرت و کردار میں اپنے والد محترم صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی تصویر تھیں۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ''میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادات اور سیرت وصورت اور گفتگو سے اس قدر مشابہت کسی کی عادت، سیرت وصورت اور گفتگو کی نہیں دیکھی، جتنی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی تھی۔ جب وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتی تھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو جاتے تھے، ان کا ہاتھ چومتے تھے اور اپنے پاس بٹھاتے تھے اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس جاتے تو وہ بھی کھڑی ہو جاتی تھیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ چومتی تھیں، احترام سے بٹھاتی تھیں۔'' (مشکوٰۃ شریف)

یہ خاص شمارہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل: بعنوان سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سیرت و کردار کے روشن نقوش۔ باب دوم: بعنوان سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا خانگی اور گھریلو زندگی کے تابندہ نقوش۔ باب سوم: بعنوان سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا، مادرِ گرامی سیدہ خدیجۃ الکبریٰ، شوہر نامدار حضرت علی المرتضیٰ، حسنین کریمین اور صاحب زادیاں (رضی اللہ عنہم)۔ باب چہارم: سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے فضائل ومناقب۔ اس ''خصوصی شمارے'' میں مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ، مولانا ابوالکلام آزاد، ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری، طالب ہاشمی، ڈاکٹر محمد نجیب سنبھلی، مولانا ڈاکٹر سید علیم اشرف کے وقیع مضامین ومقالات شامل ہیں۔ ڈاکٹر محمد علامہ اقبالؒ، حفیظ تائب، ادیب رائے پوری وغیرہ کا منظوم کلام بھی شامل ہے۔ سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی حیاتِ مبارکہ اُمت بہنوں، بیٹیوں کے لیے بہترین اُسوہ ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کاوش کو قبول فرمائے۔

**نام کتاب: فضائل اعمال کا عادلانہ دفاع تالیف: مفتی رب نواز حفظہ اللہ قیمت: درج نہیں ضخامت: 512**

**ناشر: جامعہ حنفیہ امداد ٹاؤن، فیصل آباد ملنے کا پتہ: مکتبہ اہل سنت، دکان نمبر ۱۲ رسول پلازہ، امین پور بازار فیصل آباد**

شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ ''فضائلِ اعمال'' حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ کی مشہور ومعروف اور بے انتہا متداول کتاب ہے۔ اس کا اسلوب سادہ اور انتہائی مؤثر ہے، جس کا کئی زبانوں



© rasailojaraid.com